FAH

کلیہ امور حیوانات

زرعی یونیورسٹی فیصل آباد

# میلہ مویشیاں

## بسلسلہ

# جشن بہاراں

## زرعی یونیورسٹی فیصل آباد

## 14 تا 17 مارچ 2012ء



## قوائد وضوابط برائے مقابلہ دودھ

1:۔مقابلہ میں حصہ لینے والے جانوروں کا داخلہ 2012-3-13ء کو دوپہر تک ہونا ضروری ہے۔

2:۔چوائی کا وقت برائے ساہیوال گائے وبھینس' بالترتیب صبح 5 اور 7 بجے اور کراس بریڈ (دوغلی) گائے کیلئے یہ وقت صبح 6 بجے' سہ پہر 2 بجے اور رات 10 بجے ہے۔

3:۔ساہیوال گائے اور بھینس کا حیوانہ خالی کرنے کی چوائی 15 مارچ 2012ء کو شام بالترتیب 5 بجے اور 7 بجے اور 16 مارچ 2012ء کو بالترتیب صبح 5 بجے اور صبح 7 بجے ہوگی جبکہ دوغلی گائے کا حیوانہ خالی کرنے کی چوائی 15 مارچ کو سہ پہر 2 بجے اور اسی دن رات کو 10 بجے ہوگی۔

4:۔ساہیوال گائے اور بھینسوں کا 16 مارچ شام بالترتیب 5 بجے اور 7 بجے اور 17 مارچ کی صبح بالترتیب 5 بجے اور 7 بجے والا دودھ مقابلہ میں شمار کیا جائے گا جبکہ دوغلی نسل کی گائے 16 مارچ 6 بجے صبح 2 بجے سہ پہر اور 10 بجے رات والا دودھ چوائی میں شمار ہوگا۔

5:۔مقابلہ میں حصہ لینے کیلئے ساہیوال گائے اور بھینس کو ایک گھنٹہ اور دوغلی گائے کو آدھا گھنٹہ قبل مقابلہ گاہ میں لانا ہوگا' لیٹ آنے والے جانور مقابلے سے خارج کردیئے جائیں گے۔

6:۔بھینس وساہیوال گائے کا دودھ دوہنے کیلئے 20 منٹ اور کراس بریڈ کیلئے 25 منٹ کا وقت دیا جائے گا۔

7:۔ہر جانور کیلئے گوالا مخصوص ہوگا جو کہ تبدیل نہ ہوگا۔

8:۔اگر جانور بچھڑے' کٹڑے یا وٹڈے پر پسما کرتا ہے تو جو بھی صورت ہوگی دونوں دنوں میں یکساں ہوگی' بچہ صرف ایک دفعہ لگانا ہوگا۔

9:۔مقابلہ میں حصہ لینے کیلئے ساہیوال گائے' بھینس اور دوغلی گائے کا ایک وقت کا دودھ بالترتیب کم از کم 10,9,8 لیٹر ہونا ضروری ہوگا۔بصورت دیگر جانور مقابلے سے خارج تصور ہوگا۔

10:۔گوالے کے علاوہ صرف ایک آدمی کو جانور کے پاس رہنے کی اجازت ہوگی تاہم اُسے چوائی کی اجازت نہیں ہوگی۔

11:۔پسما کیلئے کسی بھی قسم کا ٹیکہ لگانے کی اجازت نہ ہوگی۔

12:۔تمام دوغلے جانور ایک ہی کلاس میں شمار کئے جائیں گے۔

13:۔بھینسوں کی تمام نسلیں ایک ہی کلاس میں شمار ہوں گی۔

14:۔ساہیوال نسل کے جانوروں کے خالص ہونے کا تعین کمیٹی برائے مقابلہ دودھ کرے گی۔

15:۔درج بالا قوائد وضوابط کی کسی بھی قسم کی خلاف ورزی کی صورت میں جانور مقابلہ سے خارج کردیا جائے گا

16:۔کسی بھی تنازعہ کی صورت میں اپیل کمیٹی کا فیصلہ حتمی ہوگا۔

دستخط:.........................

کنوینئر کمیٹی

کمیٹی برائے مقابلہ دودھ

زرعی یونیورسٹی فیصل آباد

دستخط:۔.............

مویشی پال کسان

## مقابلہ دودھ وخوبصورتی بھینس' دوغلی اور ساہیوال گائے

محترمی جناب ..........................................

پتہ:..........................................

پچھلے سالوں کی طرح اس سال بھی زرعی یونیورسٹی فیصل آباد میں میلہ مویشیاں پوری شان وشوکت کے ساتھ 14 تا 17 مارچ منعقد ہو رہا ہے۔جس میں دودھ کے مقابلے اور جانوروں میں خوبصورتی کے مقابلے ہونگے۔

جن کی تفصیل درج ذیل ہے

### مقابلہ خوبصورتی

1:۔ساہیوال نسل کا سانڈ۔

2:۔دوغلی نسل کا سانڈ۔

3:۔نیلی راوی نسل کا سانڈ۔

4:۔ساہیوال نسل کی گائے۔

5:۔دوغلی نسل کی گائے۔

6:۔نیلی راوی بھینس۔

### مقابلہ دودھ

1:۔ساہیوال گائے۔

2:۔دوغلی نسل کی گائے۔

3:۔بھینس۔

مقابلہ میں اول' دوئم اور سوئم آنے والے جانوروں کے مالکان کو نقد انعامات' ٹرافی اور سٹرفکیٹ دیئے جائیں گے۔جانوروں کی رجسٹریشن شروع ہے۔رجسٹریشن فیس مبلغ-/1000 روپے فی جانور ہے اور رجسٹریشن کی آخری تاریخ 5 مارچ 2012ء ہے اس کے بعد رجسٹریشن فیس دوگنا ہوگی۔

**آپ سے گزارش ہے کہ میلہ میں شرکت فرما کر اس کی رونق کو دوبالا کریں**

رابطہ برائے رجسٹریشن ومعلومات

1:۔پروفیسر ڈاکٹر محمد اسلم مرزا IANFT

(موبائل: 0300-6602297' 041-9200161-9 Ext.3204)

2:۔اسد اللہ حیدر لیکچرر شعبہ اے بی جی

(موبائل: 0300-7678536' 041-9200161-9 Ext.3202)

چشم براہ:۔ پروفیسر ڈاکٹر محمد یونس چیئرمین شعبہ لائیوسٹاک مینجمنٹ/کنوینئر

# زرعی یونیورسٹی فیصل آباد

ہمارا مشن.................کسان کی خوشحالی

ہمارا عزم.....................غذائی خود کفالت

ہماری منزل...............عظیم تر پاکستان

## میلہ مویشیاں 14 تا 17 مارچ 2012ء

زرعی یونیورسٹی فیصل آباد کئی سالوں سے میلہ مویشیاں منعقد کروا رہی ہے ان میلوں کا مقصد یونیورسٹی میں کی گئی تحقیق کے نتائج سے مویشی پال حضرات کو آگاہ کرنا ہے۔ اس کے علاوہ ان میلوں کا مقصد جانوروں کی کسی بھی نسل کے اچھے جانوروں کو منظر عام پر لا کر اُن کی حوصلہ افزائی کرنا اور لوگوں میں اچھے جانور پالنے کا جذبہ پیدا کرنا ہوتا ہے۔ یہ میلے مویشی پال حضرات کے باہمی میل جول اور سائنس دانوں سے بات چیت اور کسانوں کے مسائل کا حل ڈھونڈنے میں ممدومعاون ثابت ہوتے ہیں ان میلوں کا ثقافتی پہلو ان کی خوبصورتی میں اور بھی اضافہ کرتا ہے۔
پچھلے سالوں کی روایت کو برقرار رکھتے ہوئے زرعی یونیورسٹی فیصل آباد اس سال بھی جشن بہاراں منا رہی ہے۔ اس سلسلے میں بہت سے پروگرام ترتیب دیئے گئے ہیں۔ اور یہ میلہ اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے اس میلے میں جانوروں کے درمیان خوبصورتی اور دودھ کے مقابلے منعقد کیے جا رہے ہیں۔ ساہیوال گائے اور سانڈ، دوغلی گائے اور سانڈ اور نیلی راوی بھینس اور سانڈ کے درمیان آپس میں خوبصورتی کے مقابلے ہونگے۔ مقابلے میں ہر نسل اور جنس میں اول، دوئم اور سوم آنے والے جانوروں کو انعامات دیئے جائیں گے۔

جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

پہلا انعام -/25,000 روپے

دوسرا انعام -/15,000 روپے

تیسرا انعام -/10,000 روپے

خوبصورتی کے لحاظ سے Best Animal of the Show کو ایک لاکھ روپے کا انعام دیا جائے گا خوبصورتی کے یہ مقابلہ جات 14 مارچ 2012ء کو زرعی یونیورسٹی کے لائیوسٹاک فارمز پر منعقد ہوں گے۔ اسی طرح ساہیوال اور دوغلی نسل کی گائیوں اور نیلی راوی بھینسوں کے درمیان آپس میں دودھ کا مقابلہ ہوگا۔ مقابلے میں ہر نسل میں اول، دوئم اور سوئم آنے والے جانوروں کو انعامات دیئے جائیں گے۔

جن کی تفصیل درج ذیل ہے۔

پہلا انعام -/100,000 روپے

دوسرا انعام -/75,000 روپے

تیسرا انعام -/50,000 روپے

دودھ کے یہ مقابلہ جات 15 تا 17 مارچ کو منعقد ہوں گے، مقابلہ جات میں حصہ لینے کیلئے جانوروں کی رجسٹریشن جاری ہے۔ مقابلہ دودھ اور مقابلہ خوبصورتی میں حصہ لینے کیلئے رجسٹریشن فیس 5 مارچ 2012ء تک مبلغ -/1000 روپے فی جانور ہے اور اس تاریخ کے بعد دوگنی رجسٹریشن فیس وصول کی جائے گی۔


تفصیلات کیلئے رابطہ ڈاکٹر محمد اقبال مصطفیٰ، ڈیپارٹمنٹ لائیوسٹاک مینجمنٹ

موبائل: 0300-6660537، 041-9201109)

ڈاکٹر محمد لطیف ڈیپارٹمنٹ لائیوسٹاک مینجمنٹ

0333-6578564 ,041-9200161-9 Ext 3206


## شیڈول مقابلہ خوبصورتی

### مورخہ 14 مارچ 2012ء

| نمبر شمار | تفصیل مقابلہ جات | وقت |
|---|---|---|
| 1 | مقابلہ خوبصورتی ساہیوال نسل کا سانڈ | 10-11 بجے |
| 2 | مقابلہ خوبصورتی دوغلی نسل کا سانڈ | 11-12 بجے |
| 3 | مقابلہ خوبصورتی نیلی راوی نسل کا سانڈ | 12-01 بجے |

### وقفہ 1-2 بجے سہ پہر

| نمبر شمار | تفصیل مقابلہ جات | وقت |
|---|---|---|
| 1 | مقابلہ خوبصورتی ساہیوال گائے | 2-3 بجے |
| 2 | مقابلہ خوبصورتی دوغلی نسل کی گائے | 3-4 بجے |
| 3 | مقابلہ خوبصورتی نیلی راوی بھینس | 4-5 بجے |

## شیڈول برائے مقابلہ دودھ

| نسل جانور | حیوانہ خالی:1 | حیوانہ خالی2 | پہلی چوائی | دوسری چوائی | تیسری چوائی |
|---|---|---|---|---|---|
| کراس بریڈ گائے | 15 مارچ، 2 بجے سہ پہر | 15 مارچ، 10 بجے رات | 16 مارچ، 6 بجے صبح | 16 مارچ، 2 بجے سہ پہر | 16 مارچ، 10 بجے رات |
| ساہیوال گائے | 15 مارچ، 5 بجے شام | 16 مارچ، 5 بجے صبح | 16 مارچ، 5 بجے شام | 17 مارچ، 5 بجے صبح | |
| نیلی راوی بھینس | 15 مارچ، 7 بجے شام | 16 مارچ، 7 بجے صبح | 16 مارچ 7، بجے شام | 17 مارچ، 7 بجے صبح | |